# نیشنل فوڈز لمیٹڈ

6-12/ CL، کلیر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی- 75530
(ٹیلیفون 38402022-021 - 36490029-021)

# اطلاع برائے 50 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل فوڈز لمیٹڈ کا 50 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات مورخہ 14 اکتوبر 2021 بوقت شام 3:00 بجے رجسٹرڈ شدہ کمپنی کے دفتر بمقام 6-12/CL کلیر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی سے بذریعہ ویڈیو لنک سہولت مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1- کمپنی کے غیر معمولی (ہنگامی) سالانہ اجلاس عام میں منعقدہ 21 اکتوبر 2020 کی کارروائی کی توثیق۔

2- کمپنی کے 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کی آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور اس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹوں کے ساتھ ساتھ کمپنی کے 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کی مستحکم آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور آڈیٹرز رپورٹوں کی وصولی، ان پر غور و خوض اور عمل۔

3- کمپنی کے عمومی حصص پر منافع کی منظوری اور اعلان کرنا۔ 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی منافع 100% کی (-/5 روپے فی عمومی حصص پر 5 روپے) کی تجویز دی ہے۔

4- اگلے سال کے لیے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کے تقرر کی یقین دہانی اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کارپوریشن، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس بطور ایکسٹرنل آڈیٹر تقرری کی تجویز دی ہے

5- 14 اکتوبر 2021 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے 3 (تین) سال کی مدت کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 159 کے مطابق بورڈ کی جانب سے 7 (سات) ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔ کمپنی کے ریٹائر ہونے والے تمام ڈائریکٹرز دوبارہ انتخابات کے لیے بھی اپنے ناموں کو پیش کرنے کے اہل ہیں، جیسا کہ درج ذیل میں موجود ہیں:

(i) محترم عبدالمجید
(ii) محترم ابرار حسن
(iii) محترم توفیق ایچ چنائے
(iv) محترم احسان علی ملک
(v) محترمہ نورین حسن
(vi) محترمہ سعدیہ نوید
(vii) محترم زاہد مجید

خصوصی امور:

6- ذیل میں دی گئی قراردادیں جو کہ عمومی قراردادیں ہیں جس کے ذریعے فاضل پس انداز حصص سے سرمایہ کاری کی جاسکے اور اسے بطور بونس حصص کے دیا جائے جیسا کہ ڈائریکٹرز نے تجویز کیا ہے، پر غور و خوض اور موزوں سمجھے جانے پر ترمیم / ترامیم یا بلا ترمیم منظوری کے لیے۔

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے فاضل پس انداز شدہ کل - 233,115,425 روپوں سے سرمایہ کاری کی جائے اور ہر 5 روپے والے 46,623,085 عمومی حصص کے اجراء پر اطلاق کیا جائے بطور 25% مکمل ادائیگی شدہ بونس حصص کے۔ جیسے کہ 7 اکتوبر 2021 کو بزنس کے اختتام پر کمپنی کے ہر اس ممبر جس کا نام ممبر رجسٹر میں شامل ہے، کے پاس موجود 4 عمومی حصص میں سے ایک (1) عمومی حصہ۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ مستقبل کے استحقاق کے لیے بونس حصص کمپنی کے موجودہ حصص کے مطابق ہر طرح سے پری پاسو (pari passu) کے درجہ پر ہونے چاہئیں، تاہم یہ حصص کمپنی کی جانب سے سال 30 جون 2021 کے اختتام پر کیے گئے کسی بھی اعلان کردہ حتمی ڈیویڈنڈ کے لیے اہل نہیں ہوں گے۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ ممبرز کا جزوی استحقاق، حصص داران پر ملنے والے بونس حصص کی وجہ سے ان کے جزوی استحقاق اور تمام حصص کو ملایا جائے اور حاصل ہونے والی آمدنی کو 14 اکتوبر 2021 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں حصص داران کی جانب سے تجویز کردہ اور منظوری یافتہ انڈس اسپتال کے اکاؤنٹ میں دی جائے۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ چیف ایگزیکٹو اور کمپنی کے سیکریٹری مشترک اور / یا انفرادی طور پر کسی بھی قرارداد پر موثر انداز ہونے، تمام پر عمل کرنے یا عمل کروانے، فعل اور چیزیں کرنے کے مجاز ہوں گے جو کہ بونس حصص کے اجراء، تخصیص اور تقسیم، اور حصص کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کا مذکورہ بالا اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے لیے ضروری ہیں۔

7- غور و خوض کرنے اور موزوں سمجھے جانے کے لیے ترمیم یا ترامیم کے ساتھ تسلیم کرنا کہ فوڈز پروڈکٹس کی فراہمی کے لیے کمپنی کے نیشنل فوڈز - DMCC کے ساتھ معاہدے کی توثیق کو مستحکم کرتے ہوئے درج ذیل کی خاص قرارداد کے طور پر منظوری۔

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ یکم اکتوبر 2014 سے فوڈز پروڈکٹس کی فراہمی کے معاہدے کی تجدید میں پانچ سال کی مدت کے لیے کمپنی کے ساتھ نیشنل فوڈز - DMCC مکمل طور پر مددگار و معاون ہوگی، 19 فروری 2021 کو بورڈ کی جانب سے غیر محدود مدت کے لیے واضح تفصیلات کے بیان میں ٹھوس حقائق پر اس کی تصدیق اور منظوری دی گئی ہے۔

8- غور و خوض کرنے اور موزوں سمجھے جانے کے لیے درج ذیل دی گئی قرارداد کی بطور عمومی قرارداد کی منظوری۔

(a) 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشن کی منظوری اور توثیق کے لیے اور (b) اور (c) بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اس بات کا مجاز بنانے کے لیے کہ وہ متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز اور 30 جون 2022 پر ختم ہونے والے سال میں ہونے والی مزید ٹرانزیکشن کی منظوری دے سکیں۔

a) قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران ذیل میں دی گئی متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشن کی توثیق کے بعد منظوری دی جاتی ہے۔

| |
|---|
| ATC ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ - پیرنٹ کمپنی (آبائی کمپنی) |
| نیشنل فوڈز DMCC - معاون |

b) مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اس بات کے مجاز ہیں کہ درج بالا متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز اور 30 جون 2022 پر ختم ہونے والے سال اور کمپنی کے اگلے سالانہ اجلاس عام تک ہونے والی مزید ٹرانزیکشن کی منظوری دے سکیں۔

c) مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ بورڈ کی جانب سے ٹرانزیکشن کی منظوری جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے حصص داران سے منظور شدہ سمجھا جائے گا جبکہ 30 جون 2022 پر ختم ہونے والے سال کی ٹرانزیکشنز کو اگلے سالانہ اجلاس عام میں ان کی باقاعدہ توثیق / منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔

9- غور و خوض کرنے اور موزوں سمجھے جانے کے لیے ترمیم یا ترامیم کے ساتھ تسلیم کرنا کہ درج ذیل قرارداد کو بطور عمومی قرارداد سمجھتے ہوئے جناب زاہد مجید کو کمپنی کے منافع کے حصول کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (i) (c) (1) 171 کے تحت تقرری کو تسلیم کیا جائے۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (i) (c) (1) 171 کے حل کے مطابق ممبران کی رضامندی کے مطابق جناب زاہد مجید کی تقرری بورڈ کی آئندہ مدت کے لیے کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی حیثیت سے معاوضے، دیگر حقوق اور شرائط و ضوابط کے مطابق ہے جو ڈائریکٹرز کی باہمی رضامندی کے بعد عمل میں لائی جاسکتی ہے اور جس میں وقتاً فوقتاً تبدیلی کی جاتی رہے گی۔

10- دیگر امور کی انجام دہی میں چیئر کی اجازت کے لیے۔

خصوصی امور کے لیے ایجنڈا آئٹم نمبر 5، 6، 7، 8 اور 9 کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق کے سیکشن (3) 134 کے تحت درکار اسٹیٹمنٹس ممبران کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ بھیجے جا رہے ہیں۔

بحکم
فضل الرحمٰن حاجانو
کمپنی سیکریٹری

کراچی
22 ستمبر 2021

نوٹس:

1- کووڈ-19 کی وجہ سے کمپنی کے 50 ویں سالانہ اجلاس میں شرکت کنندہ کے لیے آن لائن ویڈیو لنک کی فراہمی

جیسے کہ کورونا وائرس (Covid-19) کی وبا وقتاً فوقتاً نئی اقسام کی شکل میں ایک انسان سے دوسرے انسان میں منتقل ہو رہی ہے، لہٰذا اپنے حصص داران کی صحت و تندرستی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کمپنی نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے منظور کردہ اجلاس سے متعلقہ تمام انتظامات کو ممکن بناتے ہوئے ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے 50 واں سالانہ اجلاس عام کو منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے سالانہ اجلاس عام میں خاص انتظامات کیے گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

https://nfoods.com/investor-relations/financial-report/

11- مالی تفصیلات اور اجلاس کے نوٹس کی برقیاتی ترسیل

ایسے ممبران جو سالانہ مالی تفصیلات وصول کرنا چاہتے ہیں اور 30 جون 2022 پر ختم ہونے والے مالی سال کے عمومی اجلاس کا نوٹس رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے بجائے بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اپنی رضامندی سے اس مقصد کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود فارم پُر کروانے کے ذریعے کمپنی کی ویب سائٹ پر جمع کروا سکتے ہیں۔

12- فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

26 مارچ 2021 کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ خط بحوالہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 میں واضح کردہ ہدایات او کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 72 کے مطابق تمام فہرست شدہ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ وہ فزیکل صورت میں شیئرز رکھنے والے اپنے تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایات جاری کریں تاکہ وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کر سکیں۔

مذکورہ بالا واضح کی گئی اس اہم ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جلد از جلد وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کر لیں۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی سے شیئر ہولڈرز کو مختلف سہولیات مثلاً شیئرز کا با آسانی خرید و فروخت کے لیے دستیاب ہونا، نقصان یا نقصان کے خطرے کا ختم ہونا، فزیکل شیئرز کے مقابلے میں آسان اور محفوظ انداز میں منتقلی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ شیئرز کی تبدیلی سے متعلق تعاون کے لیے شیئر ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے متعلق ضروری ہدایات سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کی درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ https://www.cdcsrsl.com/?jet_download =7429

13- ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹرز کے انتخابی مقابلے میں حصہ لینا چاہتا ہے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اپنا اندراج کروا سکتا ہے، اگر کوئی ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنا چاہتا ہے / چاہتی ہے تو اُسے یہ اندراج مذکورہ بالا میٹنگ سے چودہ (14) دن قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 159 کے شرائط و ضوابط کے تحت کروانا ہوگا جس کے ساتھ:

i) ایکٹ کے سیکشن (1)167 کے تحت ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کے لیے اجازت نامے کے فارم - 28 پر رضامندی سے دستخط کرتا ہوں گے

ii) بطور ڈائریکٹر فہرست شدہ کمپنیز میں کام کرنے کی اہلیت کے اعلان کے بعد اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں اور اختیارات سے، میمورنڈم اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی رول بک اور فہرست شدہ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط 2019، اور دیگر متعلقہ قانون اور قواعد و ضوابط سے آگاہی ہونا۔

iii) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 بمطابق مطلوبہ فہرست شدہ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط 2019 کے آزاد اختیارات کا اعلان ہونا (کمپنی کے آزاد ڈائریکٹر کے طور پر اندراج کروانے والے صرف ایک فرد پر لاگو ہے)

iv) کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کے لیے دفتر کے پتے کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل

v) ڈائریکٹر شپ اور دفاتر کی دیگر تفصیلات

vi) موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل / کاپی (پاکستانی شہریت ہونے کی صورت میں) / پاسپورٹ (غیر ملکی شہریت ہونے کی صورت میں)، اور این ٹی این اور فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / سی ڈی سی سب اکاؤنٹ نمبر (پہلی بار اپنی رضامندی کے ساتھ اندراج کروانے فرد پر قابل اطلاق)۔

### کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)166 کے تحت اسٹیٹمنٹ

یہ اسٹیٹمنٹ 50 ویں سالانہ اجلاس عام میں متعلقہ مطلوبہ جواز کے ایجنڈا آئٹم نمبر 5 (ڈائریکٹرز کے انتخاب) کے حقائق پر مبنی ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 5
ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 153 کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز نے اپنی میٹنگ میں جو تاریخ 6 ستمبر 2021 کو منعقد کی گئی، سات (7) ڈائریکٹرز کی تعداد مقرر کی ہے جو سالانہ اجلاس عام میں اگلے تین سال کی مدت کے لیے منتخب کیے جائیں گے۔ فہرست شدہ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط 2019 کے تحت کمپنی کو بورڈ میں کم از کم دو (2) آزاد ڈائریکٹرز کی ضرورت ہوگی۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب بھی کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے ضوابط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن (3) 166 کے مطابق یہ ضروری ہے کہ ٹھوس حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ کے منسلکہ نوٹس سے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے عام اجلاس کی کارروائی کروانے کی ضرورت ہے جس میں آزاد ڈائریکٹر کو منتخب کرنے کا جواز بھی پیش کیا جائے گا۔

آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق جواز کے لیے اُمیدواروں کو ایکٹ کے سیکشن 153 کے تحت فہرست شدہ کمپنیز کے ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے خود کو اہل ثابت کرنا ہوگا اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) کے ضوابط 2018 اور ایکٹ کے سیکشن (2) 166 کے ضوابط کے مطلوبہ معیار پر پورا اترنا ہوگا اور اس فرد کا نام انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہے جو پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیر انتظام ہے جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے مکمل اختیار رکھتا ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کو کمپنی کے دوبارہ انتخاب میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے منتخب ہونے کے علاوہ مذکورہ بالا معاملات سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

### کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3) 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ

یہ اسٹیٹمنٹ 50 ویں اجلاس عام میں خصوصی امور کے تمام میٹیریل فیکٹس کے ایجنڈا آئٹم نمبر 6، 7، 8 اور 9 کے حقائق پر مبنی ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 6

محفوظ سرمایہ کاری کے اضافے پر بونس شیئرز کا اجراء:

6 ستمبر 2021 کو ہونے والے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی محفوظ سرمایہ کاری کے اضافے پر مجموعی طور پر 233,115,425 سے بڑھا کر 46,623,085 کی رقم عمومی حصص داران کے لیے ہر ایک حصص پر 5 روپے بطور 25% فیصد مکمل بونس شیئرز کے تجویز کیا ہے۔ ڈائریکٹرز کی کمپنی کے مالی حالات پر خصوصی نظر ہے اور یہ محفوظ سرمایہ کاری مکمل طور پر اس سرمایہ کاری کے اضافے کا حقیقی اظہار ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز بلواسطہ یا بلاواسطہ ماسوائے کمپنی میں اپنے بونس شیئرز اور اپنے اُن رشتے داروں کے جو کہ اس کمپنی کے شیئر ہولڈرز ہیں، کے علاوہ کسی معاملے میں کسی قسم کی کوئی دلچسپی نہیں رکھتے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 7

خاص قراردادیں۔ نیشنل فوڈز -DMCC کے ساتھ دوبارہ معاہدے کی منظوری / تصدیق

نیشنل فوڈز لمیٹڈ (NFL) فوڈ پروڈکٹس کی فراہمی کے لیے نیشنل فوڈز - DMCC (NF-DMCC) کے ساتھ یکم اکتوبر 2014 سے پانچ (5) سال کی مدت

کی سہولت کے ذریعے 50واں سالانہ اجلاس عام کو منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے سالانہ اجلاس عام میں خاص انتظامات کیے گئے جو کہ درج ذیل ہیں:

a) سالانہ اجلاس عام زوم (Zoom) ایپلیکیشن (ویڈیو لنک سہولت) کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

b) ایسے حصص داران جو سالانہ اجلاس عام میں زوم (Zoom) ایپلیکیشن کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہیں اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 48 گھنٹے قبل سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ پر اپنا اندراج کروائیں اس کے علاوہ 12 اکتوبر 2021 کو 12 گھنٹے قبل درج ذیل قوائد کے مطابق اپنی تفصیلات cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر فراہم کریں:

| حصص داران کا مکمل نام/ پراکسی ہولڈر | کمپنی | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ | فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | ** ای میل | ** موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

** حصص داران/ پراکسی ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا ایکٹیو ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر فراہم کریں۔

ممبرز کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان ہونے کی تصدیقی سند فراہم کر دی جائیں گی تا کہ مقررہ تاریخ اور وقت پر وہ میٹنگ میں شامل ہو سکیں۔

لاگ ان کی سہولت میٹنگ کے مقررہ وقت سے تیس (30) منٹ قبل کھول دی جائے گی تا کہ شرکا شناخت کے عمل سے گزر کے مقررہ وقت پر میٹنگ میں شریک ہو سکیں۔

حصص داران تمام مطلوبہ تصدیقی اور شناختی عمل کو مکمل کرنے کے بعد اپنی ڈیوائسز کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں لاگ ان کے بعد شرکت کر سکیں گے۔

حصص داران سالانہ اجلاس عام سے متعلق ایجنڈا کے حوالے سے سالانہ اجلاس عام سے کم از کم دو (2) کاروباری دن قبل اپنی آرا اور سوالات کو فراہم کردہ ای میل ایڈریس cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر بھیج سکتے ہیں۔ حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اس صورت میں وہ اپنا مکمل نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ فولیو/ شرکت کی آئی ڈی اور اکاؤنٹ نمبر ضرور فراہم کریں۔

2- بک کلوزر نوٹس:

کمپنی کی حصص ٹرانسفر بکس مورخہ 8 اکتوبر 2021 سے 14 اکتوبر 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ 7 اکتوبر 2021 دفتری اوقات کے اختتام تک ہماری کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی، 74400 میں وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو حصص داران کے فائنل کیش ڈیویڈنڈ، بونس حصص، اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے استحقاق کے تعین کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3- پراکسی کی تقرری:

a) ایک ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ کسی دوسرے فرد کو بطور پراکسی اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ پراکسی کے پاس رائے شماری کا مطالبہ کرنے اور مطالبے میں شریک ہونے اور رائے شماری میں ووٹ ڈالنے کا حق بھی موجود ہے۔

b) پراکسی مقرر کرنے کی دستاویز بشمول پاور آف اٹارنی یا دیگر مجاز اتھارٹی جس کے تحت وہ دستخط شدہ ہو، کسی صاحب تصدیق سے تصدیق شدہ پاور یا اتھارٹی سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی 12/CL - 6 کلیفٹن روڈ، سول لائنز، کراچی، 75530 پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروا دی جائے۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔ ممبر اور پراکسی کے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

4- قابل معیاد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع کروانا

جن ممبرز نے تاحال فولیو نمبر کے ساتھ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول جمع نہیں کروائی ہیں، ان سے درخواست ہے کہ جلد از جلد انہیں براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھیج دیں۔

5- ممبرز کے پتے میں تبدیلی

ممبر سے درخواست ہے کہ ان کے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو مطلع کر دیں۔

6- ای۔ ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 242 کے تحت، بہر لحاظ کمپنی کو اگر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کرنی ہو تو وہ صرف ان کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست بذریعہ برقی طریقہ ہی کی جائے گی۔ فزیکل شیئرز ہونے کی صورت میں ایسے تمام حصص داران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایسے شیئرز کی درکار معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پتے جو کہ اوپر درج ہے پر بھیجیں، ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر دستیاب ہے اور ساتھ ہی کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ سی ڈی سی شیئر ہولڈر ہونے کی صورت میں بھی یہی ہدایت کی جاتی ہے کہ تمام تر سی ڈی سی شراکت داروں کی متعلقہ معلومات اپڈیٹ کریں اور کمپنی کو بھیج دیں۔

7- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے تحت انکم ٹیکس کٹوتی

یکم جولائی 2021 سے نافذ العمل فنانس ایکٹ 2021 کے پیش نظر انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح انکم ٹیکس گوشوارہ جمع نہ کرنے والوں کیلئے 30 فیصد ہے اور انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کرنے والوں کیلئے 15 فیصد ہے۔ گوشوارہ جمع کرنے والوں کی فہرست فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ہے۔ لہٰذا ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ انکم ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے اپنا اسٹیٹس 7 اکتوبر 2021 تک اپڈیٹ کر لیں۔

مزید فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ اکاؤنٹس ہونے کی صورت میں جوائنٹ شیئر ہولڈر(ز) کے لیے ان کے شیئرز کے مطابق انکم ٹیکس جمع کروانے / نہ کروانے کیلئے غیر جمع شدہ انکم ٹیکس کا تعین علیحدہ سے کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں تمام حصص داران جن کے جوائنٹ شیئرز ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر(ز) اپنا شیئر ہولڈنگ پروپورشن ذیل میں دیئے گئے طریقے کے مطابق تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ان کے شیئرز کے مطابق فراہم کریں:

| فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل شیئرز کی تعداد | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ ہولڈر(ز) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ پروپورشن (شیئرز کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ پروپورشن (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

درکار معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کو 7 اکتوبر 2021، بزنس کے اختتام (شام 5 بجے) تک پہنچ جانا چاہیے بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کے شیئرز ایک برابر ہیں۔

CDC اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اور متعلقہ شرکاء کے پاس اپڈیٹڈ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ہونا ضروری ہے، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو بھیجنا ہوگی۔

شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹس، جو بھی ہو، بھیجتے وقت شیئر ہولڈرز کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبرز درج کریں گے۔ مندرجہ بالا متعین وقت کے اندر موصول معلومات پر کمپنی ڈیویڈنڈ کی رقم سے قابل اطلاق شرح کے مطابق ٹیکس کٹوتی کرے گی بشرطیکہ کمپنی کی طرف سے 14 اکتوبر 2021 کو اعلان کیا گیا ہو۔

وہ ممبرز جو انکم ٹیکس کٹوتی سے مستثنیٰ ہونا چاہتے ہیں یا انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی متعلقہ دفعات کے تحت کم تر شرح پر کٹوتی کروانا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ درست ٹیکس سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت، جو بھی ہو، 7 اکتوبر 2021 تک جمع کرادیں۔

کسی بھی سوال/ مسئلے/ معلومات کیلئے، سرمایہ کار کمپنی اور/ یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں:

کمپنی: Corporate.Secretary@nfoods.com

شیئر رجسٹرار: info@cdcsrsl.com

8- غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ شیئرز

ایسے حصص داران جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنے حصص / ڈیویڈنڈ کلیم نہیں کیے (اگر کوئی ہیں تو) ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کے پتے سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، ہاؤس نمبر 99B، بلاک (بی) ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74000 پر جا کر اپنے غیر دعویٰ شدہ حصص / ڈیویڈنڈ (اگر کوئی ہیں تو) جا کر حاصل کر سکتے ہیں یا معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

9- پوسٹل بیلٹ / ای۔ ووٹنگ

فیڈرل کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کا مقصد اور ایجنڈے کا کوئی بھی آئٹم جس کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی ضرورت ہو، بیان کیے گئے ریگولیشنز کے ضوابط کے مطابق ممبرز کو یہ اجازت ہوگی کہ وہ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کر سکیں جیسے کہ پوسٹ اور ای۔ ووٹنگ۔

10- مالی تفصیلات اور رپورٹس کی ویب سائٹ پر دستیابی:

30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کی مالی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ پر ڈال دی گئی ہیں تفصیلات جاننے کے لیے درج ذیل لنک پر کلک کریں۔

خاص قرار داد یں۔ نیشنل فوڈز DMCC کے ساتھ دوبارہ معاہدے کی منظوری / تصدیق

نیشنل فوڈز لمیٹڈ (NFL) فوڈ پروڈکٹس کی فراہمی کے لیے نیشنل فوڈز DMCC - (NF-DMCC) کے ساتھ یکم اکتوبر 2014 سے پانچ (5) سال کی مدت کے لیے معاہدہ ("معاہدہ") رکھتا ہے۔ بورڈ نے سالانہ اجلاس کی میٹنگ میں 19 فروری 2021 کو معاہدے کی تجدید کی منظوری دی اور کمپنی کے ممبران کی جانب سے دوبارہ معاہدے کی منظوری / تصدیق حاصل کرنے کی تجویز پیش کی۔

جیسا کہ ڈائریکٹرز کی اکثریت NF-DMC میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور شیئر ہولڈنگ رکھنے کی وجہ سے انتظام و اقدامات میں دلچسپی رکھتے ہیں، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 208 کے ضوابط کے مطابق خصوصی قرارداد جاری کر کے نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے معاہدے کی تجدید کو منظوری / اسند دیں۔

کمپنیز (متعلقہ پارٹی کی ٹرانزیکشنز اور متعلقہ ریکارڈز کی درستگی) 2018 کے ضوابط (SRO 1194(I)/2018 تاریخ 2 اکتوبر 2018) کے ضابطہ نمبر 5 کے تحت معلومات کا اعلان / انکشاف:

| (i) متعلقہ پارٹی کا نام | نیشنل فوڈز DMCC |
|---|---|
| (ii) دلچسپی رکھنے والے متعلقہ ڈائریکٹرز کے نام | - محترم عبدالمجید<br>- محترم ابرار حسن<br>- محترم زاہد مجید<br>- محترمہ نورین حسن |
| (iii) تعلق، دلچسپی یا متعلقہ حصہ داری کی نوعیت کے ساتھ [illegible] | نیشنل فوڈز DMCC نیشنل فوڈز لمیٹڈ کا ایک مکمل ملکیتی ادارہ ہے |
| (iv) ٹرانزیکشن کی تفصیل، بنیادی شرائط و ضوابط | نیشنل فوڈز لمیٹڈ کی جانب سے تیار کردہ / درآمد ہونے والے فوڈ پروڈکٹس |
| (v) ٹرانزیکشن کی رقم | نیشنل فوڈز DMCC کی خالص فروخت 1,960,359,000 |
| (vi) ٹرانزیکشن کا وقت یا [illegible] | غیر واضح |
| (vii) پرائسنگ پالیسی | ٹرانسفر پرائسنگ پالیسی کے مطابق |
| (viii) آڈٹ کمیٹی کی تجاویز | [illegible] |
| (ix) کوئی بھی دیگر متعلقہ [illegible] | کوئی نہیں |

جانچ: شیئر ہولڈرز خصوصی کاروبار سے متعلق معاہدے کی جانچ اس نوٹس کے اجراء کی تاریخ سے لے کر میٹنگ کی تاریخ تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کاروباری اوقات کار پیر تا جمعہ (صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک) کے دوران کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹرز کی دلچسپی کا انکشاف: جناب عبدالمجید، جناب ابرار حسن اور جناب زاہد مجید ایجنڈے کی توثیق میں اپنی ذاتی ڈائریکٹرشپس اور / یا متعلقہ فریقین کے ساتھ حصص داری کی وجہ سے دلچسپی رکھتے ہیں اور محترمہ نورین حسن اپنے خاوند کی وجہ سے دلچسپی رکھتی ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 8

عام قرار داد یں۔ متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین

(a) 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی توثیق اور منظوری۔

منظور شدہ پالیسی کے مطابق (متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین) عموی کاروباری سطح پر کمپنی ان متعلقہ فریقین کے ساتھ اپنی ضرورت کے مطابق لین دین جاری رکھے گی، فریقین سے تمام تر لین دین کا اندراج کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کے ساتھ کیا جائے گا جس کے سربراہ کمپنی کے آزاد ڈائریکٹرز ہوں گے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز کردہ ایسی تمام لین دین پہلے بورڈ کے سامنے ان کی منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کی قرار دادیں 2017 (دی کوڈ) کی ایک قرارداد (1) 15 کے مطابق حصص داران کا بھی ایسے فریقین کے ساتھ لین دین کرنے کی منظوری ہونا ضروری ہے جس میں کمپنی کے زیادہ تر ڈائریکٹرز دلچسپی رکھتے ہوں۔ کمپنیز ایکٹ 2017 (دی ایکٹ) کے تحت بھی تمام تر حصص داران کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہے جس میں ڈائریکٹرز کی کافی تعداد دلچسپی رکھتی ہو۔

مندرجہ بالا تفصیل کے مطابق درج ذیل میں بتائی گئی لین دین کی تفصیلات عموی کاروبار کی نسبت سے متعلقہ فریقین کے ساتھ بہترین روابط کے پیش نظر 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران حصص داران کی منظوری سے پہلے طے پائے گئے ہیں۔

| نام | ریلیشن شپ (تعلق) | لین دین کی نوعیت | رقم روپوں میں |
|---|---|---|---|
| نیشنل فوڈز ڈی ایم سی سی | سبسڈری | سیلز | 1,960,359,000 |
| اے ایم ایس ہولڈنگز (پرائیوٹ لمیٹڈ) | ہولڈنگ کمپنی (آبائی کمپنی) | ریجنل آفس (کرائے کی مد میں آمدنی) | 3,636,000 |

(b) اور (c) میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اور آئندہ سالانہ جنرل اجلاس تک متعلقہ پارٹی سے لین دین کی منظوری دینے کے لیے اختیار پر مشتمل ہے۔

30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے اختتام تک اور اس کے بعد بھی کمپنی متعلقہ فریقین کے ساتھ کاروباری لین دین ترجیحی بنیادوں پر منظور شدہ پالیسی کے مطابق (متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین) عموی کاروباری سطح پر اپنی ضرورت کے مطابق لین دین جاری رکھے۔ ایسے تمام تر فریقین سے لین دین کہ جن میں ڈائریکٹرز کی مجموعی تعداد اپنی ڈائریکٹرشپ اور / یا شیئر ہولڈنگ کی وجہ سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہوں کے لیے اجتماعی ضروری ہے کہ حصص داران سے منظوری حاصل کی جائے۔ ساتھ ہی، حصص داران کی یہ منظوری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اس بات کا اختیار دیتی ہے کہ وہ ایسی تمام لین دین کو منظور کریں ایسے تمام تر فریقین کے ساتھ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران لین دین کو جاری رکھیں نہ صرف یہ بلکہ آئندہ سالانہ جنرل اجلاس تک اس طرح کی تمام لین دین جو کہ پہلے سے حصص داران کی جانب سے منظور شدہ ہوں تسلیم کی جائیں گی۔ ان فریقین کے حوالے سے لین دین کے فوائد اور نوعیت ایجنڈا کو دفعہ (a) میں تفصیل سے بتایا گیا ہے۔ متعلقہ فریقین سے لین دین کی تفصیلات 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران آئندہ ہونے والے عام جنرل اجلاس میں حصص داران کے سامنے ان کی منظوری / توثیق کے لیے رکھی جائیں گی۔

ڈائریکٹرز کی دلچسپی کا انکشاف: جناب عبدالمجید، جناب ابرار حسن اور جناب زاہد مجید ایجنڈے کی توثیق میں اپنی ذاتی ڈائریکٹرشپس اور / یا متعلقہ فریقین کے ساتھ حصص داری کی وجہ سے دلچسپی رکھتے ہیں اور محترمہ نورین حسن اپنے خاوند کی وجہ سے دلچسپی رکھتی ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر۔ 9

عام قرار داد یں۔ منافع ہولڈنگ آفس

21 اکتوبر 2020 کے آخری سالانہ اجلاس میں جناب زاہد مجید کمپنی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر بطور "CEO NFDMCC -International Division - Exports" تعینات کیے گئے، یہ تعیناتی ایک سال کی مدت کے لیے تھی جو کہ 21 اکتوبر 2020 کو ختم ہو جائے گی۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 6 ستمبر 2021 کو ہونے والے اجلاس میں کمپنیز ایکٹ 2017، کی شق نمبر (f) (1) 208 کے تحت ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی اور آڈٹ کمیٹی کے ماتحت کمپنی نے متعلقہ پارٹی پالیسی کے تحت سالانہ اجلاس عام میں دوبارہ انتخاب کے ذریعے جناب زاہد مجید کو کمپنی کا بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر تقرری کی منظوری دی۔ اس تقرری کی منظوری کمپنی کے ممبرز نے کمپنیز ایکٹ 2017، کی شق نمبر (i) (c) (1) 171 کے تحت دی گئی تھی۔

اسی کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز نے عام قرارداد میں تجویز دی کہ سالانہ عام اجلاس میں ممبرز سے جناب زاہد مجید کو بورڈ کے ماتحت کمپنی کے منافع کے حصول کے لیے اہل ہیں، کی منظوری دی جائے۔

مادی حقائق (میٹریل فیکٹس) اور انکشافات، مذکورہ بالا ایس آر او 423، 2018 کے مطابق درکار پارا (3)B اور (2)C کے تحت درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| 1) ڈائریکٹر کے ماتحت تجارتی ہستی (آفس) کی تفصیلات: | کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب زاہد مجید کی بطور "CEO NFDMCC" تقرری |
| 2) ڈائریکٹر کے زیر اہتمام دفتر (آفس) میں سرانجام دیے جانے والے کام کی مختصر تفصیل: | 1) بورڈ کی حکمت عملی پر عملدرآمد کرنا<br>2) مجموعی طور پر تمام آپریشنز اور وسائل کا انتظام کرنا<br>3) بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کا اہم مرکز |
| 3) ڈائریکٹر کو معاوضہ، خصوصی پالیسی اور طریقہ کار کے علاوہ شامل دیگر مراعات و فوائد | 58.95 ملین روپے سالانہ [illegible] (اگر کوئی ہے) |
| 4) کمپنی کو ملنے والے فوائد / منافع کا [illegible] | بین الاقوامی مارکیٹس میں توسیع اور آمدنی میں اضافے کی ذمہ داری |
| 5) اس طرح کے دفتر (آفس) کو زیر استعمال رکھنے کا دورانیہ | 14 اکتوبر 2021 سے شروع ہونے والے تین (3) مکمل سال |
| 6) فطری طور پر اس میں دلچسپی رکھنے والے یا دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹرز [illegible] | جناب زاہد مجید بذات خود اور ان کے والد جناب عبدالمجید اس معاملے میں ذاتی دلچسپی رکھتے ہیں |